# اچھی سکونت اختیار کرنے کے لیے شراکت دار



معیار زندگی

فلاڈیلفیا کا شہر

لائسنس اور معائنہ کا شعبہ

نظر ثانی شدہ: 20 اکتوبر 2025

# اچھی ہاؤسنگ کے لیے پارٹنرز کا تعارف

فلاڈیلفیا شہر نے، اپنے شہریوں کی جانب سے، گھروں اور اپارٹمنٹس کے لیے صحت، حفاظت اور دیکھ بھال کے کم سے کم معیارات مقرر کیے ہیں۔ ان معیارات کو پورا کرنے کے سلسلے میں کرایہ داروں، مالک مکانوں اور سٹی گورنمنٹ کے درمیان شراکت داری عمل میں لائی جاتی ہے۔ فلاڈیلفیا میں رہنے والوں کو معقول رہائش فراہم کرنے کے لیے تینوں کو مل کر کام کرنا چاہیے۔

اس گائیڈ بک میں موجود معلومات کا اطلاق فلاڈیلفیا، پنسلوانیا پر ہوتا ہے اور یہ فلاڈیلفیا شہر کے کوڈ آف جنرل آرڈیننس (Code of General Ordinances) – خاص طور پر ٹائٹل 4، بلڈنگ کنسٹرکشن اینڈ آکوپنسی کوڈ (The Building Construction and Occupancy Code) اور ٹائٹل 9، ریگولیشن آف بزنسز، ٹریڈز اینڈ پروفیشنز(Regulation of Businesses, Trades, and Professions) پر مبنی ہے۔

اضافی معلومات، بشمول اس کتابچے تک آن لائن رسائی، نیز بلڈنگ کنسٹرکشن اینڈ آکوپنسی کوڈ (جس میں فلاڈیلفیا پراپرٹی مینٹیننس کوڈ شامل ہے) نیز فلاڈیلفیا فائر کوڈ تک رسائی، L&I ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔

اس پوری دستاویز میں مختلف آن لائن وسائل کے لنکس موجود ہیں۔ اگر دستاویز کو الیکٹرانک طور پر دیکھناہے، تو قاری براہ راست ان لنکس پر کلک کر سکتا ہے۔ اگر قاری دستاویز کی ہارڈ کاپی دیکھ رہا ہے، تو وہ ہر سیکشن کے آخر میں ان لنکس کے URLs اور QR کوڈز تلاش کر سکتاہے۔ اضافی معلومات تک رسائی حاصل کرنے کے لیے اپنے اسمارٹ فون یا ڈیوائس سے QR کوڈز اسکین کریں۔ اگر ایک سے زیادہ QR کوڈ ایک ساتھ نظر آتے ہیں، تو آپ دوسرے کوڈز کوچھپا سکتے ہیں تاکہ آپ کا کیمرہ اس کوڈ پر فوکس کر سکے جسے آپ استعمال کرنا چاہتے ہیں۔

## لنکس

L&I ویب سائٹ

*Phila.gov/li*

# فہرستِ مواد

اچھی ہاؤسنگ کے لیے پارٹنرز کا تعارف ........ 1
کرائے کے لائسنس کے عمومی تقاضے ........ 4
آگ سے تحفظ ........ 11
بنیادی سہولت کے تقاضے ........ 16
گھروں، اپارٹمنٹس، اور صحن کو صاف ستھرا نیز جراثیم سے پاک رکھنا ........ 18
عمارت کی تعمیر اور سکونت کے ضابطے کا نفاذ کیسے کیا جاتا ہے ........ 2121
شکایت یا اپیل کیسے دائر کی جائے ........ 2323
ضمیمہ اے ( A): پینے کے پانی میں لیڈ ........ 255
ضمیمہ بی ( B): کرایے کی ذیلی چیک لسٹ ........ 26

# کرائے کے لائسنس کے عمومی تقاضے

**1. کرائے کا لائسنس**

کرائے کے لائسنس ڈیپارٹمنٹ آف لائسنسز اینڈ انسپیکشنز (L&I) کی جانب سے جاری کیے جاتے ہیں۔ مزید معلومات کے لیے فلاڈیلفیا کوڈ کا سیکشن 9-3900 دیکھیں۔

ایک کرائے کا لائسنس اگر قبضے کے لیے دیا جائے تو درج ذیل میں سے کسی کی بھی ملکیت کے لیے ضروری ہے:

- کوئی بھی رہائشی یونٹ
- بغیر کچن کے کمرہ (Rooming unit) یا مشترکہ کچن کا گھر(rooming house)
- خواب گاہ یا سونے کا مشترکہ کمرہ (Dormitory)
- ہوٹل، موٹل، یا دیگر مہمانوں کی رہائش (محدود رہائش کے علاوہ)
- عمر رسیدہ اور معذور افراد کیلئے امدادی رہائش (Assisted living)

توقعات:

- مشترکہ ملکیت کے تحت ایک عمارت میں ایک سے زیادہ یونٹوں کے لیے کرایہ کا ایک ہی لائسنس حاصل کیا جا سکتا ہے۔
- اگر جائیداد کسی قریبی خاندانی رکن کے قبضے میں ہے تواس وقت کرایہ کے لائسنس کی ضرورت نہیں ہوتی اور کوئی کرایہ نہیں لیا جاتا، بشرطیکہ نان- رینٹل کا حلف نامہ محکمہ کے پاس دائر کیا گیا ہو۔
  - اس کو ورچوئل یا ذاتی ملاقات کے ذریعے L&I کے لائسنس جاری کرنے والے ڈویژن میں جمع کروائیں۔
- ان جائیدادوں کے لیے رینٹل لائسنس کی ضرورت نہیں ہے جوفلاڈیلفیا ہاؤسنگ اتھارٹی (PHA) اور اس کے ذیلی اداروں کے زیر ملکیت ہیں اور ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ فیڈرل پراپرٹی مینٹیننس کے معیارات کے مطابق چلائی جارہی ہیں۔
- مختصر مدت کے لیے رینٹل(یعنی محدودرہائش) کے لیے رینٹل لائسنس کی ضرورت نہیں ہے۔ محدود رہائش ایک رہائشی یونٹ کا عارضی کرایہ ہے جس میں رہائش، سونے یا قیام کے لیے رہا جائے (مثلاً، Airbnb)۔
  - محدود رہائش کی اجازت صرف اس صورت میں دی جاتی ہے جب ایک رہائشی، پرائمری یونٹ میں رہ رہا ہو۔ اگر کسی یونٹ کا پرائمری رہائشی نہیں ہے، تو اسے ہوٹل کے طور پر اجازت اور لائسنس ملنا چاہیے۔
  - محدود رہائش کی سرگرمی کی اجازت صرف اس صورت میں دی جاتی ہے جب اسکا بندوبست ایک لائسنس یافتہ محدود رہائش اور ہوٹل بکنگ ایجنٹ کے ذریعے کیا جائے جیسا کہ سیکشن 3910-9 میں بیان کیا گیا ہے۔
  - محدود رہائشی سرگرمی کے لیے زوننگ کی منظوری اور لمیٹڈ لاجنگ آپریٹر کے لائسنس کی ضرورت ہوتی ہے۔

**2. بزنس ٹیکس اکاؤنٹ نمبر**

یہ فلاڈیلفیا ریونیو ڈپارٹمنٹ (Philadelphia Revenue Department) کی طرف سے تفویض کردہ نمبر ہے جسے سٹی بزنس ٹیکس کے گوشوارے جمع کروانے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

ایک فرد یا کمپنی کے لیے صرف ایک بزنس ٹیکس اکاؤنٹ نمبر درکار ہے، قطع نظر اس کے کہ وہ کتنی رینٹل پراپرٹیز کے مالک ہوں۔

مطلوبہ لائسنس حاصل کرنے کے لیے، جائیداد کے مالکان و مکان مالک کے لئے ضروری ہے کہ وہ ٹیکس جمع کرواتا ہو۔

### 3. کمرشل ایکٹیویٹی لائسنس (CAL)

پہلے اسے کاروباری استحقاق (Business Privilege) لائسنس کے نام سے جانا جاتا تھا، کمرشل سرگرمی کے لیے لائسنس ہر اس شخص یا کمپنی کے لیے درکار ہے جو فلاڈیلفیا شہر میں کوئی بھی کاروبار کرنے کے خواہشمند ہیں بشمول وہ لوگ جو اپنی جائیدادوں کو قبضے کے لیے دینا چاہتے ہیں۔ یہ لائسنس تاحیات مفت ہے اور اس کا اطلاق ان تمام کاروباروں پر ہوتا ہے جو کسی فرد یا کمپنی کی ملکیت ہوں۔ کرایہ کے لائسنس کے لیے درخواست دینے سے پہلے CAL حاصل کرنا ضروری ہے۔

ایک فرد یا کمپنی کے لیے صرف ایک CAL درکار ہے، قطع نظر اس کے کہ وہ کتنی رینٹل پراپرٹیز کے مالک ہوں۔

استثناء:

- چار یا اس سے کم رینٹل یونٹوں والی پراپرٹی کے لیے، جہاں مالک خود رہ رہا ہو، کمرشل ایکٹیویٹی لائسنس کی ضرورت نہیں ہے۔ اس کے بجائے شہر ایک، ایک شناخت کنندہ، کو استعمال کرتا ہے جسے ایکٹیویٹی لائسنس نمبر کہا جاتا ہے۔

### 4. زوننگ (حلقہ بندی) کی منظوری

کرائے کی رہائش گاہ کے طور پر کام کرنے کے لیے پراپرٹی کی حلقہ بندی صحیح طریقے سے ہونا ضروری ہے۔ زوننگ (حلقہ بندی) کی منظوری درکار ہے بیشک مالک یونٹ میں سے کسی ایک پر قابض ہو۔

رہائشی استعمال یا مہمانوں کی رہائش کے استعمال کے لئے پراپرٹی کی حلقہ بندی ہونا ضروری ہے۔ رہائشی کیٹیگری میں گھریلو اور گروپ رہائش شامل ہیں۔

- گھریلو رہائش میں یہ چیزیں شامل ہیں:
  - سنگل فیملی - 1 فیملی کے لیے رہائشی جگہ
  - دو فیملیاں - 2 فیملیوں کے لیے رہائش گاہ جس میں ہر فیملی ایک رہائشی یونٹ پر قابض ہو
  - ملٹی فیملی - 3 یا اس سے زیادہ فیملیوں کے لیے رہائش گاہ جس میں ہر خاندان ایک رہائشی یونٹ پر قابض ہو
- گروپ رہائش میں یہ چیزیں شامل ہیں:
  - پرسنل کیئر ہوم
  - سنگل روم والی رہائش - ایک عمارت جو ایک پرائیویٹ باتھ روم کے بغیر متعدد کمروں پر مشتمل ہو۔
    - مثلاً: سونے کے لئے مشترکہ کمرے (Dormitories)، مشترکہ کچن والا گھر(rooming houses)، اورآزادانہ رہائش (supported independent living)
- مہمانوں کی رہائش - ہوٹل، موٹل، وغیرہ۔

### 5. سکونت کا سرٹیفکیٹ (CO) یا قانونی سکونت کا ثبوت

CO ایک سرٹیفیکیشن ہے جو کسی عمارت کی تعمیر یا جگہ کی تبدیلی کے بعد L&I کی طرف سے جاری کیا جاتا ہے۔ رینٹل لائسنس حاصل کرنے کے لیے لازمی شرط کے طور پر CO کی ضرورت ہوتی ہے۔ نئی قائم شدہ یا نئی تعمیر شدہ عمارت کے کرائے کے لائسنس کے لیے لازمی شرط کے طور پر CO کی ضرورت ہوتی ہے۔ پہلے سے موجود، قانونی طور پر مقررہ استعمال کے لیے، متبادل دستاویزات جمع کرائی جا سکتی ہیں جیسا محکمے نے معین کیا ہو۔

### 6. مالک مکان کی لیڈ پینٹ کی ذمہ داریاں

اگر کوئی عمارت مارچ 1978 سے پہلے تعمیر کی گئی تھی اور کرائے کا لائسنس حاصل کر رہی ہے، تو یہ لیڈ سیفٹی سے متعلقہ قوانین کے تابع ہے۔

استثناء:

- ایسے رہائشی یونٹ جو کسی تعلیمی ادارے نے بنائے ہوں یا تعلیم کے لئے بنائے گئے ہوں خصوصی طور پر اس ادارے کے طلباء کی رہائشی ضروریات کے لئے

اگر عمارت لیڈ قوانین کے تابع ہے، تو مالک مکان کو لیز پر دستخط کرنے سے پہلے، کرایہ دار کو حالیہ سرٹیفکیٹ فراہم کرنا چاہیے جس سے یہ ظاہر ہو کہ پراپرٹی لیڈ سے محفوظ یا لیڈ فری ہے۔ یہ تصدیق کرنے کے لیے کہ پراپرٹی لیڈ سے محفوظ یا لیڈ فری ہے، ریاستی لائسنس یافتہ لیڈ انسپکٹر یا EPA سے تصدیق شدہ ڈسٹ وائپ ٹیکنیشن کو یونٹ کا معائنہ کرنا چاہیے اور لیڈ کی جانچ کے لیے ڈکٹ وائپ کے نمونے جمع کرنے چاہئیں۔ اس فیصلے پر کہ پراپرٹی لیڈ سے محفوظ یا لیڈ فری ہے، ایک سرٹیفکیٹ فراہم کیا جائے گا۔ صرف پنسلوانیا کا لائسنس یافتہ انسپکٹر، خطرے کی تشخیص کرنیووالا(Risk Assessor ) یا EPA کا سرٹیفائیڈ لیڈ ڈسٹ سیمپلنگ ٹیکنیشن ہی سرٹیفیکیشن فراہم کر سکتا ہے۔

ڈسٹ وائپ ٹیسٹ کے نتائج کے ساتھ سرٹیفکیٹ کی ایک کاپی، فلاڈیلفیا ڈیپارٹمنٹ آف پبلک ہیلتھ کو ان کے آن لائن پورٹل کے ذریعے جمع کرائی جانی ضروری ہے۔

- لیڈ سے حفاظت کی سرٹیفیکیشن، معائنہ ہو جانے کی بنیاد پر ہونی چاہیے جس کو رینٹل لائسنس کی تجدید یا نئے لیز معاہدے پر عمل درآمد کرنے سے پہلے 4 سال سے زیادہ کا عرصہ نہ گزرا ہو۔
- لیڈ سے حفاظت کی سرٹیفیکیشن، معائنہ ہو جانے کی بنیاد پر ہونی چاہیے جو رینٹل لائسنس کی تجدید یا نئے لیز معاہدے پر عمل درآمد کرائے جانے سے پہلے کسی بھی وقت انجام دی گئی ہو۔

ایک نئے لائسنس یا کرایہ کے لائسنس کی تجدید کی درخواست اس وقت تک جمع نہیں کرائی جا سکتی جب تک کہ مطلوبہ لیڈ سرٹیفیکیٹ فلاڈیلفیا ڈیپارٹمنٹ آف پبلک ہیلتھ کے آن لائن پورٹل پر اپ لوڈ نہ کردئیے گئے ہوں۔ مزید معلومات، قانونی کاپیاں، مالک مکان کے لیے رہنمائی، نمونے کے سرٹیفکیٹس، اور مزید کے لئےلیڈ سیفٹی سے متعلق قوانین کا جائزہ لیں۔

### 7. کھٹمل پر قابو

مالک مکان کو کھٹمل کے انفیکشن کو روکنے اور کنٹرول کرنے کے لیے کھٹمل پر قابوپانے کا منصوبہ تیار کرنا نیز اس پر عملدرآمد کرنا چاہیے اور کرایہ دار کو فلاڈیلفیا بیڈ بگ انفارمیشنل نوٹس فراہم کرنا چاہییں۔ مزید معلومات کے لیے کھٹمل پر قابوپانے والے مواد کا جائزہ لیں۔

### 8. کرایہ دار تک رسائی کا ضابطہ

کرایہ داروں کی رسائی کا ایکٹ درخواست دہندہ کے کرائے اور کریڈٹ ہسٹری کے لئے یکساں اسکریننگ کا معیار قائم کرتے ہوئے، رہائش تک منصفانہ رسائی کو سپورٹ کرتا ہے۔ مکان مالکان جب ممکنہ کرایہ داروں کی اسکریننگ کریں تو قانون کی پیروی کریں گے۔

### 9. بے دخلی سے تحفظ

مکان مالکان کیلئے لازم ہے کہ وہ بے دخلی کے لئے کوئی قدم اٹھانے سے کم از کم 30 دن پہلے رہائشی کرایہ داروں کو کرایہ داروں کے حقوق کا نوٹس بھیجے۔ یہ نوٹس لیز ختم کرنے یا تجدید نہ کرنے کا نوٹس نہیں ہے۔

اگر کوئی کرایہ دار مالی مشکلات کی COVID-19 سرٹیفیکیشن جمع کراتا ہے توجب تک کہ کرایہ دار سے فوری طور پر نقصان کا خطرہ نہ ہو، مالک مکان کو بے دخلی سے انحراف کے پروگرام (Eviction Diversion Program) سے رابطہ کرنا چاہیے۔

### 10. دیگر تقاضے

ہر بار جب نئے کرایہ دار کورہائشی یونٹ کرائے پر دیا جاتا ہے تو، لازم ہے مکان مالک، کرایہ دار کو یہ مہیا کرے:

I. اس کتابچے کی ایک کاپی، اچھی ہاؤسنگ کے پارٹنرز

II. A کرائے کی مناسبت کا سرٹیفیکیٹ جو کرایہ داری شروع ہونے سے ساٹھ (60) دن پہلے L&I کی طرف سے جاری کیا گیا ہو۔

- کرائے کی مناسبت کے سرٹیفیکیٹ میں، رہائشی یونٹ کی مناسبت کے لیے مالک کی تصدیق شامل ہونی چاہیے۔ (جب تک کہ مالک جائیداد کو کرایہ پر لینے کے لیے تمام درکار لائسنس حاصل نہ کر لے L&I کوئی سرٹیفکیٹ جاری نہیں کرے گا۔)

III. کوئی بھی مالک مکان جسے رینٹل لائسنس حاصل کرنا ہو، اسکے لئے ضروری ہے کہ وہ ایسے مینیجنگ ایجنٹ کو نامزد کرے جو شہر میں رہتا ہو یا شہر کے اندر کسی کاروباری دفتر میں باقاعدگی سے حاضری دیتا ہو۔

- ایک مالک جو شہر کے اندر رہتا ہو یا کاروباری دفتر چلا رہا ہو وہ مینیجنگ ایجنٹ کے طور پر کام کر سکتا ہے۔

IV.کھٹمل کے سیفٹی بروشر کی گائیڈ کی ایک کاپی اور اس بات کی تصدیق کہ، پچھلے 120 دنوں کے اندر، اس یونٹ میں کھٹمل کا انفیکشن ہوا ہے یا نہیں ہے۔

IV. سٹی کمشنرز کی ویب سائٹ پر "رجسٹر کرنے کا طریقہ" صفحہ کا لنک۔

V. سٹی کمشنرز کی ویب سائٹ پر "رجسٹر کرنے کا طریقہ" صفحہ کا لنک۔

**مفید مشورہ:**

**ایک چیک لسٹ کے لیے اس دستاویز کے ضمیمہ بی (B) سے رجوع کریں جسے مالک اور کرایہ دار کے ذریعے مکمل کیا جا سکتا ہے۔**

75 فٹ یا اس سے زیادہ بلند رہائشی عمارتیں جو فائر ڈپارٹمنٹ کی گاڑیوں کی رسائی کی سب سے نچلی سطح سے زیادہ بلند ہوتی ہیں ، انہیں کرایہ کے لائسنس کے علاوہ ہائی رائز لائسنس حاصل کرنے کی بھی ضرورت ہوتی ہے۔

اگر آپ کسی اپارٹمنٹ یا گھر میں رہنے والے کرایہ دار ہیں یا کالج کے طالب علم ہیں جو کیمپس سے باہر رہتے ہیں، تو یہ ضروری ہے کہ آپ کے سامان کی حفاظت کے لیے کرایہ داروں کا بیمہ ہو۔ ایسی پالیسی تلاش کریں جس میں آپ کے گھر سے عارضی طور پر بے گھر ہونے کی صورت میں رہائش میں مدد بھی شامل ہو۔ کرایہ داروں کی انشورنس کو دیگر پالیسیوں کے ساتھ بنڈل کیا جا سکتا ہے جیسے کہ آٹو انشورنس مجموعی لاگت کو کم کرنے میں مدد کے لیے (براہ کرم دستیاب پالیسیوں پر بات کرنے کے لیے اپنے موجودہ انشورنس فراہم کنندہ سے رابطہ کریں)۔ کرایہ داروں کے انشورنس کے بارے میں اضافی معلومات اور وسائل کے لیے، براہ کرم پنسلوانیا انشورنس ڈیپارٹمنٹ کی ویب سائٹ دیکھیں۔

**لنکس**

سیکشن 9-3900 - جائیداد کے لائسنس اور مالک کا احتساب

*https://codelibrary.amlegal.com/codes/philadelphia/latest/philadelphia_pa/0-0-0-280264*

رینٹل لائسنس سروس کا صفحہ

*phila.gov/services/permits-violations-licenses/get-a-license/business-licenses/rental-and-property/get-a-rental-license/*

کرایہ نہ دینے کا حلف نامہ

*phila.gov/departments/department-of-licenses-and-inspections/licenses/rental-and-property-licenses/rental-and-property-licenses-materials/#affidavit-of-non-rental*

قلیل مدتی کرایہ

*phila.gov/services/permits-violations-licenses/rent-or-sell-property/rent-your-property-short-term/*

محدود رہائش اور ہوٹل بکنگ ایجنٹ

*phila.gov/services/permits-violations-licenses/get-a-license/business-licenses/rental-and-property/get-a-limited-lodging-booking-agent-license/*

سیکشن 9-3910 - محدود رہائش اور ہوٹل بکنگ ایجنٹ لائسنس

*codelibrary.amlegal.com/codes/philadelphia/latest/philadelphia_pa/0-0-0-280381*

محدود رہائش کا آپریٹر لائسنس

*phila.gov/services/permits-violations-licenses/get-a-license/business-licenses/rental-and-property/get-a-limited-lodging-operator-license/*

تجارتی سرگرمی کا لائسنس

*phila.gov/services/permits-violations-licenses/get-a-license/business-licenses/activity/get-a-commercial-activity-license/*

لیڈ سیفٹی سے متعلق قوانین

*phila.gov/programs/lead-and-healthy-homes-program/*

فلاڈیلفیا ڈیپارٹمنٹ آف پبلک ہیلتھ کا آن لائن پورٹل

*leadcertification.phila.gov/login*

کھٹمل سے متعلق مواد

*phila.gov/documents/philadelphia-bed-bug-materials/*

کھٹمل سے متعلق مواد

*phila.gov/documents/renters-access-act-tenant-screening-guidelines/*

کرایہ داروں کے حقوق کا نوٹس

*phila.gov/documents/emergency-housing-protection-act-materials-for-tenants-and-landlords/*

بے دخلی سے انحراف کے پروگرام

*eviction-diversion.phila.gov/#/*

کرایہ کی مناسبیت کا سرٹیفکیٹ

*phila.gov/services/permits-violations-licenses/get-a-certificate/get-a-certificate-of-rental-suitability/*

کھٹمل سے تحفظ کے لیے ایک گائیڈ

*phila.gov/documents/philadelphia-bed-bug-materials/#philadelphia-bed-bug-informational-notice*

ہائی رائز لائسنس

*https://vote.phila.gov/voting/registering-to-vote/how-to-register-2/*

ووٹنگ۔ رجسٹر کرنے کا طریقہ

*phila.gov/services/property-lots-housing/buy-sell-or-rent-a-property/information-about-renting/get-a-high-rise-license/*

پنسلوانیا انشورنس ڈیپارٹمنٹ

*https://www.pa.gov/agencies/insurance*

# آگ سے تحفظ

## 1. عمومی تقاضے

- فلاڈیلفیا شہر میں، L&I ٹائٹل 4 کے قابل اطلاق سیکشنز کے نفاذ، بلڈنگ کنسٹرکشن اینڈ آکوپنسی کوڈ، اور ٹائٹل 9، ریگولیشن آف بزنسز، ٹریڈز اور پروفیشنز کو نافذ کرنے کا ذمہ دار ہے۔

- کرایہ دار، مالک مکان، اور گھر کے مالکان میں سے ہر ایک کا یہ فرض ہے کہ وہ دالان، سیڑھیوں، آگ سے بچنے اور باہر نکلنے کے راستوں کو ہر وقت خالی رکھیں۔ سیڑھیوں کے نیچے کسی بھی قسم کا ذخیرہ کرنا ممنوع ہے جب تک کہ فلاڈیلفیا فائر کوڈ کے باب 11 کے مطابق فائر ریزسٹنس ریٹیڈ کنسٹرکشن کے ذریعے جگہ کو سیڑھی سے الگ نہ کر دیا جائے۔

- عمارت کے اندر کسی بھی جگہ بشمول تہہ خانے، اسٹوریج، الیکٹریکل، مکینیکل یا دیگر آلات کے کمروں میں کوڑا کرکٹ جمع نہیں ہونا چاہئیے۔ کوڑے کو ذخیرہ کرنے کے لیے بنائے گئے کمروں میں پانی چھڑکاؤ کرنے کے آلات ہونے چاہئیں نیز وہ باقی عمارت سے علیحدہ ہونے چاہئیں اور اس جگہ کی بلڈنگ میں تقریباً ایک گھنٹے تک آگ برداشت کرنے کی صلاحیت ہونی چاہئیے۔

- سیڑھیوں، گزرگاہوں، گلیوں، دروازوں، کھڑکیوں، آگ سے بچنے یا باہر نکلنے کے دیگر راستوں میں کوڑا کرکٹ یا دیگر مواد کو ذخیرہ رکھنے یا جمع کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

- پینٹ اور آتش گیر مواد کی اجازت شدہ مقدار (بشمول آتش گیر مادوں پر مشتمل کیڑے مار دوا) کو عمارت کے دیگر تمام حصوں سے علیحدہ رکھنا چاہئیےاور اس جگہ کی عمارت میں تقریباً ایک گھنٹے تک آگ برداشت کرنے کی صلاحیت ہونی چاہئیے۔

- آگ بجھانے والے آلات کو فلاڈیلفیا فائر کوڈ کے سیکشن 906 کے مطابق نصب کیا جانا چاہیے۔ سیکشن 906 اور NFPA 10 میں بیان کردہ رقبے اور فاصلے کے تقاضوں کے متبادل کے طور پر، ضابطہ ہر رہائشی یونٹ میں آگ بجھانے والے کم از کم ایک آلے کو نصب کرنے کی اجازت دیتا ہے جسے 1-A:10-B:C کے کم از کم معیار کے مطابق ہونا چاہییے۔ تمام آگ بجھانے والے آلات کےساتھ ایک ٹیگ منسلک ہونا چاہئے جو پچھلے 12 مہینوں کے دوران کئے گئے معائنوں اور انجام دی گئی مرمت و دیکھ بھال کی نشاندہی کرتا ہو۔

- ایک اور دو فیملیوں پر مشتمل رہائش گاہ کے علاوہ، مشترکہ راہداریوں، سیڑھیوں، اور باہر نکلنے کے (بیرونی) راستے میں روشنی درکار ہے جو فرش پر ون فٹ- کینڈل (one foot-candle) کے معیار کی روشنی ضرور فراہم کرے۔ یہ روشنی کسی بھی رہائشی یونٹ کے سرکٹ پر منحصر نہیں ہونی چاہیے۔ جن عمارتوں میں ایک سے زیادہ مطلوبہ اخراج کے راستے ہوں، وہاں اس لائٹنگ میں ایمرجنسی پاور کا ہونا ضروری ہے۔

- جن عمارتوں میں باہر نکلنے کے (بشمول آگ سے فرار) کے ایک سے زیادہ راستوں کی ضرورت ہوتی ہے، وہاں ہر منزل سے نکلنے کے ذرائع کی نشاندہی کے لیے خارجی نشانات (exit signs) درکار ہیں۔ ان سائنز کو، عمومی پاور و ہنگامی پاور ہر دو ذرائع سے ہمہ وقت روشن ہونا ضروری ہے۔

- موجودہ عمارتوں کہ جن میں مطلوبہ اخراج کے لئے ایک سے زیادہ سیڑھیاں ہیں، ان کو آگ سے مزاحم تعمیر کے ذریعے راہداریوں سے منسلک اور الگ کیا جانا چاہیے۔ نان-ہائی رائز عمارتوں میں، ان اخراجی راستوں یا سیڑھیوں کی جگہوں پر موجود دروازے ایک گھنٹے تک آگ برداشت کرنے والے خود کارطور پر بند ہونے والے دروازے ہوں یا 1 ¾ انچ موٹے ٹھوس کور کے لکڑی کے خود کار طور پر بند ہونے والے دروازے ہونے چاہئیں۔

- جن عمارتوں میں صرف ایک مطلوبہ اخراجی راستہ ہے، وہاں اپارٹمنٹس کے دروازے خود بخود بند ہونے چاہئیں اور ایک گھنٹہ تک آگ برداشت کرنے والے ہوں یا 1 ¾ انچ ٹھوس کور کا حامل لکڑی کا دروازہ ہونا چاہیے۔

## 2. ایک- اور دو فیملییوں کی رہائش گاہ کے لیے تقاضے

ایک اور دو فیملی والی رہائش گاہوں کے مالکان کو (بشمول مالک کے زیر قبضہ ایک فیملی کے مکانات میں) عمارت کے بنیادی برقی نظام سے چلنے والے دھوئیں کے الارم نصب کرنے چاہئیں جو نان ریمو ایبل (سیل شدہ) 10_سالہ بیٹری سے پاور حاصل کررہے ہوں۔ دھویں کے الارم کو ذیل طریقے سے نصب کیا جانا چاہئے:

- جہاں انفرادی رہائشی یونٹ یا سلیپنگ یونٹ کے اندر ایک سے زیادہ دھوئیں کے الارم نصب کرنے کی ضرورت ہوتی ہے، وہاں دھویں کے الارم اس طرح آپس میں جڑے ہونے چاہئیں کہ ایک الارم کے فعال ہونے سے انفرادی یونٹ میں موجود تمام الارم فعال

ہوجائیں۔ جس جگہ پر فہرس کردہ وائرلیس الارم نصب ہوں کہ جہاں ایک الارم کے فعال ہونے پر تمام الارم بجتے ہوں وہاں دھوئیں کے الارم کے آپس میں جُڑے ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی۔

- جنوری 1988 سے پہلے تعمیر کی گئی عمارتوں میں، رہائشی یونٹ کے اندر دھوئیں کے متعدد الارم کا آپس میں جُڑا ہونا ضروری نہیں۔

- دھوئیں کے الارم لازماً نصب کیے جائیں:
  - بیڈ رومز کے انتہائی قریبی علاقے میں　　　-گھر کی ہر منزل (بشمول تہہ خانے) میں
  - جنوری 1988 سے پہلے بنائے گئے نئے رہائشی یونٹوں میں بیڈروم کے اندر۔
    - o احتیاط کو ملحوظ خاطر رکھتے ہوئے دھوئیں کے الارم کو بیڈروم کے قریب تر لگانا چاہئیے اس انداز میں کہ وہ کچن میں کھانا پکانے کی وجہ سے یا باتھ روم میں پیدا ہونے والی بھاپ کی وجہ سے چالو نہ ہوجائیں۔
    - o ڈیٹیکٹر کو کسی بھی صورت میں سونے کے کمرے کے دروازے سے پندرہ (15) فٹ سے زیادہ دور نہیں لگانا چاہئیے.

- لازم ہے کہ آئیونائزیشن دھوئیں کے الارمز کھانا پکانے کے مستقل طور پر نصب آلات سے بیس (20) فٹ سے کم افقی فاصلے پر نصب نہ ہوں؛ لازم ہے کہ سائیلنسگ سوئچ والے آئیونائزیشن دھوئیں کے الارمز کھانا پکانے کے مستقل طور پر نصب آلات سے دس (10) فٹ سے کم افقی فاصلے پر نصب نہ ہوں؛ فوٹو الیکٹرک دھوئیں کے الارمز کھانا پکانے کے مستقل طور پر نصب آلات سے چھ (6) فٹ سے کم افقی فاصلے پر نصب نہ ہوں؛

- دھوئیں کے الارم کسی باتھ ٹب یا شاور پر مشتمل باتھ روم کے دروازے یا کھلنے کی جگہ سے تین (3) فٹ سے کم افقی فاصلے پر نصب نہ ہوں۔

- ملحقہ سطحوں کے درمیان دروازوں کے بغیر تقسیم شدہ مکانات میں، صرف اوپری سطح پر دھوئیں کے الارم کی ضرورت ہوتی ہے، بشرطیکہ سطحوں کے درمیان ایک مکمل منزل سے کم فاصلہ ہو۔

- ایک اور دو فیملی والی رہائش گاہوں (R3) کے طور پر زیر قبضہ پہلے سے موجود پرپرٹیز نیزوہ وہ پراپرٹیز کہ جو رہائشی نگہداشت کی سہولیات (R4) کے طور پر استعمال ہوتی ہیں جن میں پانچ (5) سے پندرہ (15) مکین ہوتے ہیں، ان پرپرٹیز کا کاربن مونو آکسائیڈ (CO) کا پتہ لگانے والے آلات سے لیس ہونا ضروری ہے۔
  - CO کا پتہ لگانے والے آلات، اپنی پرائمری پاورعمارت کی وائرنگ سے حاصل کریں گے۔
    - o اگر عمارت 1 جنوری 2010 سے پہلے تعمیر کی گئی ہو توبیٹری سے چلنے والے یا الیکٹرک پلگ ان ٹائپ کے CO ڈیٹیکٹرز کی اجازت ہے۔
  - CO کا پتہ لگانے والے آلات کو بیڈ رومز کے قریب سونے کے ہرعلیحدہ کمرے کے باہر نصب کیا جائے گا۔
  - جہاں ایندھن جلانے والے آلات سونے کے کمرے کے اندر یا اس سے منسلک باتھ روم میں موجود ہوں، وہاں سونے کے کمرے کے اندر ایک کاربن مونو آکسائیڈ الارم نصب کیا جانا چاہیے۔
  - کمبینیشن سموک/CO الارم لگانے کی اجازت ہے۔

**آپ کی معلومات کے لیے:**

**نیشنل فائر پروٹیکشن ایجنسی کے مطابق، امریکہ میں کاربن مونو آکسائیڈ کے تقریباً 72,000 واقعات رونما ہوئے ہیں ہر سال**

- ایک اور دو فیملی والی رہائش گاہوں میں دھوئیں کے الارم کے سالانہ سرٹیفیکیشن کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم، جائیداد کی فروخت پر، بیچنے والے کو خریدار کو تحریری طور پر تصدیق کرنا ہوتی ہے کہ دھوئیں اور CO کے مطلوبہ ڈیٹیکٹرز نصب کیے گئے ہیں اور وہ مناسب آپریٹنگ حالت میں ہیں۔

**3. رہائشی ہوٹلوں، ایک سے زیادہ فیملی والی رہائش گاہوں، اور مخلوط استعمال والی رہائشی جگہوں (غیر رہائشی جگہوں پر واقع رہائش) کیلئے تقاضے**

دھوئیں کے الارمز

- عمارتوں کے رہائشی یونٹوں کے اندر دھوئیں کے الارم کی ضرورت ہوتی ہے جس میں ہر طرف چھڑکاؤ نہیں کیا جاتا ہے، اسی انداز میں جیسا کہ ایک اور دو فیملی والی رہائش گاہوں کیلئے بیان کیا گیا ہے، ماسوائے اس کے کہ کسی بھی مطلوبہ دھوئیں کے الارم کے لیے بیٹری سے چلنے والے یونٹ قبول نہیں کیے جاتے ہیں۔ ان کو عمارت کے خودکار فائر الارم سسٹم سے منسلک نہیں کیا جانا چاہیے کیونکہ ان کا مقصد رہائش کے یونٹ میں کہ جہاں وہ لگائے گئے ہیں صرف اپنے خود ساختہ الارم کو بجانا ہے۔
- موجودہ اونچی عمارتوں میں جن میں ہر طرف چھڑکاؤ نہیں کیا جاتا ہے، بیڈ رومز کے آس پاس کی جگہوں کے علاوہ، ہر بیڈ روم میں دھوئیں کے الارم کی ضرورت ہوتی ہے۔

فائر الارم کے نظام

ذیل میں فلاڈیلفیا فائر کوڈ کے کم از کم تقاضوں کی فہرست دی گئی ہے۔ نئی عمارتوں کے لیے وسیع تر تحفظ کی ضرورت ہو سکتی ہے۔

- مندرجہ ذیل رہائشوں میں دستی اور خودکار فائر الارم سسٹم کی ضرورت ہے:
  - پہلے سے زیر استعمال ہوٹلز اور موٹلز (R1) 3منزلوں سے زیادہ یا 20 سے زیادہ یونٹوں پرمشتمل عمارتیں، چھڑکاؤ والی عمارتوں اور دو منزلوں سے کم کی مخصوص استثناء کے ساتھ، جیسا کہ فلاڈیلفیا فائر کوڈ میں درج ہے۔
  - پہلے سے زیر استعمال گروپ R2 (عمارتیں جن میں 3 یا زیادہ اپارٹمنٹس، مشترکہ اختیار/ملکیت والے (condominiums)، بغیر کچن کے کمرے (rooming units)، اجتماعی طور پر سونے کے کمرے(dormitories) وغیرہ) ہوں ماسوائے اس کے کہ جہاں عمارت کو آگ بجھانے کے خود کار نظام(an automatic fire suppression system)، پانی کے چھڑکاؤیا فلاڈیلفیافائر کوڈ سیکشن 907.1.9 میں بیان کردہ شرائط پر پورا اترنے کے ذریعے محفوظ کیا گیا ہو۔
  - مخلوط استعمال کی موجودہ رہائشیں (مثال کے طور پر، گروسری اسٹور کے اوپر ایک اپارٹمنٹ) ماسوائے اس کے کہ جہاں عمارت کو خود کار طور پر آگ بجھانے والے سسٹم (پانی کے چھڑکاؤ) کے ذریعے محفوظ کیا گیا ہو
  - پہلے سے زیر استعمال گروپ R4 (16 مکینوں کے لئے معاونت یافتہ رہائش)
- ایک خودکار فائر الارم سسٹم، فائرالارم پینل اور سسٹم اسموک ڈیٹیکٹرپرمشتمل ہوتا ہے جو دھوئیں کے الارم سے مختلف ہوتے ہیں، اور قابل سماعت آلات جیسے کہ گھنٹی، یا گھنٹی کے ساتھ فلیشنگ لائٹ (horn strobe) کے مجموعے پر مشتمل ہوتے ہیں اورمکینوں کو اطلاع دینے کے لیے استعمال ہوتے ہیں جب تک کہ فضا میں موجود معمول کی مصنوعات شعلہ یا آگ پیدا نہ کردیں کہ جو دھوئیں کے ڈیٹیکٹرز کو ایکٹیویٹ کریں گی۔
- ایک دستی فائر الارم سسٹم مینوئل ایکٹیویشن کے ساتھ فائرالارم پینل پرمشتمل ہوتا ہے، یہ عام طور پر کھینچنے والے ہینڈل (a pull) یا شیشہ توڑ کر چالو کرنے والے (break-glass station) اور ساؤنڈنگ ڈیوائسز پر مشتمل ہوتا ہے جن کا حوالہ اوپر دیا گیا ہے۔
- آگ سے بچاؤ کے تمام آلات بشمول فائر الارم سسٹمز کا، ہرسال ایک کولیفائیڈ لائسنس یافتہ الیکٹرکل کنٹریکٹر یا لائسنس یافتہ فائر الارم انسپکٹر سے معائنہ کرایا جانا، جانچ کرانا، اور تصدیق شدہ ہونا ضروری ہے۔ سرٹیفیکیشن کی کاپیاں تین سال کی مدت کے لیے سائٹ پر رکھنا ضروری ہیں۔
- آلات سے سگنل وصول کرنے، آواز پیدا کرنے والے آلات کو چالو کرنے، اور بجلی کی پرائمری پاور نہ ہونے کی صورت میں بیک اپ پاور فراہم کرنے کے لیے ایک فائر الارم پینل کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ مناسب مسلسل آپریشن کو یقینی بنانے کیلئے سسٹم کے تمام حصوں کی نگرانی کی جا سکے۔ اونچی عمارتوں میں نصب ہونے والے فائر الارم سسٹمز یا یکم (1) جنوری 2004 کے بعد لگائے جانے والے سسٹمز، کو بھی فلاڈیلفیا بلڈنگ کوڈ کے مطابق مانیٹر کرنا ضروری ہے۔
- گھر کے فائر وارننگ ڈیٹیکٹرز جو رہائشی یونٹوں میں نصب ہیں کے علاوہ کسی بھی فائر الارم کے فعال ہونے کے بارے میں ڈپارٹمنٹ کو فوری طور پر"911" کے ذریعے مطلع کیا جانا چاہیے۔

## 4. ایک سے زیادہ اخراجی سیڑھیوں والی عمارتوں کیلئے فائر الارم کے منفرد تقاضے

- کم از کم ایک زون فی منزل کیلئے فائر الارم پینل ہونا ضروری ہے۔
- کوریڈور سے عمارت کی اخراجی سیڑھوں تک ہر منزل کے ہر دروازے پر، ایک دستی فائرالارم (شیشہ توڑ کریا ہینڈل کھینچ کر چالوکیے جانے والے) باکس کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہر باکس پر، ایک نشان آویزاں ہونا چاہیے، جس پر لکھا ہو گا کہ "آگ لگنے کی صورت میں: الارم بجائیں اور 911 پر کال کریں۔

## 5. "چھوٹے" اپارٹمنٹ کی عمارتوں کے لیے فائر الارم کے منفرد تقاضے

تین یا اس سے کم منزلہ عمارتیں کہ جن میں ایک یا دو ایسی اخراجی سیڑھیاں ہوں جو سیڑھیوں کے درمیان زیادہ سے زیادہ 20 فٹ لمبی ڈیوڑھی یا راہداری کے اندر تمام پوائنٹس سے نظر آتی ہوں وہاں الارم کے تقاضے نسبتاً کم ہیں۔

- فائر الارم پینل کو کم از کم ایک زون پر مشتمل ہونا چاہییے جو عمارت میں موجود تمام آلات کوباہم متحد کر کے رکھتا ہے۔
- ایک دستی فائرالارم باکس (شیشہ توڑ کریا ہینڈل کھینچ کر چالوکیے جانے والا باکس) صرف سیڑھی سے اخراج کے دروازے پر درکار ہے، ہر منزل پر نہیں۔ باکس پر، ایک نشان چسپاں ہونا چاہئیے، جس پر لکھا ہو کہ "آگ لگنے کی صورت میں: الارم بجائیں اور 911 پر کال کریں۔"

## 6. مخلوط جائے سکونت کے لیے فائر الارم کے تقاضے

- مخلوط قبضے کی اصطلاح ایک ایسی عمارت کو بیان کرنے کے لیے ہے جس میں رہائشی مکانات اور تجارتی جگہیں دونوں شامل ہوں۔ مثال کے طور پر، پہلی منزل پر ایک کاروبار اور اوپری منزل پر دو رہائشی یونٹ۔
- جب تک کہ ہر جگہ پر پانی کے چھڑکاؤ کا بندوبست نہ ہو غیر رہائشی استعمال کیلئے، الیکٹرک پاور سے چلنے والا ایک خودکار فائر الارم سسٹم کہ جس میں دھوئیں کا پتہ لگانے کی صلاحیت بھی موجود ہو، درکار ہے۔
- جہاں غیر رہائشی استعمال شراب پینے اور/یا کھانے پینے کی جگہ ہو، وہاں باورچی خانے میں، گاہکوں کے علاقے میں جہاں سگریٹ نوشی کی اجازت ہو، اورجہاں بھنے ہوئے یا تلے ہوئے طعام گاہکوں کی تواضع کیلئے پیش کیے جاتے ہیں، وہاں سموک ڈیٹیکٹر کے بدلے ہیٹ ڈیٹیکٹر لگانے کی اجازت ہے۔ غیر رہائشی استعمال میں موجود دیگر تمام ڈٹیکٹرز کا سموک ڈیٹیکٹر ہونا ضروری ہے۔
- غیر رہائشی استعمال والی جگہوں پر خاص طور سے اوپر موجود ایک سے زیادہ فیملیوں کی رہائش گاہوں میں سیڑھیوں یا دالانوں میں الارم بجانے والے آلات کو لگا ہونا چاہئیے۔ جہاں اوپر کا استعمال ایک یا دو فیملیوں کے غیررہائشی استعمال میں ہو نیز جہاں تمام منزلوں کے لئے کوئی مشترکہ دالان یا سیڑھی نہ ہو، وہاں رہائشی یونٹوں میں آواز والے الارم کے آلات کی ضرورت ہوگی۔ الارم بجانے والے آلات کو سوائے رہائشی یونٹوں میں نصب دھوئیں کے الارم کے، دستی فائر الارم بکس، فائر سپریشن سسٹم بشمول کمرشل کچن سپریشن، نیز پراپرٹی کے اندر موجود دھوئیں کے تمام ڈٹیکٹرز کے ذریعے چالو کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔
- غیر رہائشی استعمال سے اخراج کے مقام پر دستی فائر الارم بکس موجود ہونے چاہئیں۔ ان بکسوں کو پوری عمارت میں آواز پیدا کرنے والے آلات سے منسلک ہونا چاہیے۔ اگر یہ ایک یا دو فیملی کی رہائش گاہ ہے تو رہائشی استعمال سے اخراج کے راستوں پر دستی فائر الارم بکس کی ضرورت نہیں ہے۔

**آپ کی معلومات کے لیے:**

**امریکہ کی فائر ایڈمنسٹریشن کے مطابق، رہائشی گھروں میں آگ لگنے کی سب سے بڑی وجہ کھانا پکانا ہے**

Department of Licenses and Inspections
CITY OF PHILADELPHIA

## لنکس

فلاڈیلفیا فائر کوڈ

*https://codes.iccsafe.org/content/PHLFC2018*

# بنیادی سہولت کے تقاضے

**پلمبنگ کی ضروری سہولیات**

- ہر رہائشی یونٹ میں درج ذیل کا ہونا ضروری ہے:
  - کمرے میں واٹر کلوزٹ (بیت الخلاء) جو رازداری فراہم کرتا ہے۔
  - ہاتھ منہ دھونے کا ایک بیسن (سنک) اسی بیت الخلاء میں ہو یا واٹر کلوزٹ کے دروازے کے قریب ہو۔
  - کمرے میں باتھ ٹب یا شاور جو رازداری فراہم کرتا ہو۔ یہ کمرہ بیت الخلا والا کمرہ بھی ہو سکتا ہے یا ایک الگ کمرہ بھی ہو سکتا ہے۔
  - ہر باتھ روم میں کھلنے والی کھڑکی یا ہوا کی آمدو رفت کا منظور شدہ نظام موجود ہو۔
- رومنگ (مشترکہ کرایہ داری) والے گھروں میں ہر چار کمروں کے یونٹ کے لیے ایک بیت الخلا، ہاتھ منہ دھونے کا بیسن (سنک) اور نہانے کا ٹب یا شاور درکار ہے۔
- تمام بیت الخلا، باتھ رومز، اور آلات کو بہترین چالو حالت میں رکھا جائے۔
- کرایہ دار باتھ روم اور باتھ روم کے سازوسامان کو لازماً صاف ستھرا اور جراثیم سے پاک رکھیں۔

**باورچی خانے کی درکار سہولتیں**

- باورچی خانے کا سنک
- کرایہ دار سنک کو صاف رکھنے اور اسے صحیح طریقے سے استعمال کرنے کے ذمہ دار ہیں۔
- رہائشی یونٹوں کو کھانا پکانے کی مستقل سہولیات لازماً فراہم کی جائیں۔ کھانا پکانے کا سازوسامان لازماً مناسب طریقے سے نصب ہو، محفوظ اور مؤثر طریقے سے کام کرتا ہو اور بہترین چالو حالت میں برقرار رکھا جائے۔ کرایہ دار کھانا پکانے کا سامان صحیح طریقے سے استعمال کریں اور اسے صاف ستھرا رکھیں۔
  - کھانا پکانے کی مستقل سہولیات کھانا پکانے کے لیے ضروری فکسچر ہیں جو عام طور پرایسے باورچی خانے پر مشتمل ہوتے ہیں جن میں چولھے والا اوون موجود ہو۔ کھانا پکانے کی مستقل سہولیات میں مائیکرو ویو اوون، ٹوسٹر اوون یا ہاٹ پلیٹس شامل نہیں ہیں۔
- کسی بھی مشترکہ کرایہ داری (Rooming Unit) یا سونے کے لئے مشترکہ کمرے (Dormitory Unit) میں کھانا پکانے اور کھانا پکانے کا سامان استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے (کافی کے برتن اور مائیکروویو اوون کو کھانا پکانے کے سامان میں شمار نہیں کیا جاتا)۔

**آپ کی معلومات کے لیے:**

**کھانا پکانے کا ایسا پورٹیبل سامان جس میں شعلے کا استعمال ہو، ممنوع ہے۔ کھانا پکانے کا وہ سامان جس میں پٹرول یا مٹی کا تیل بطور ایندھن استعمال ہوتا ہے۔ ممنوع ہے**

**پانی کے نظام**

- مالک مکان گرم پانی کیلئے نظام (پائپ اور فکسچرز) اور سہولیات لازماً فراہم کرے۔ گرم پانی 110 ڈگری سے کم اور 125 ڈگری سے زیادہ نہ ہو اور مناسب حجم اور دباؤ پر دستیاب ہونا چاہئے تاکہ فکسچر کو صحیح طریقے سے کام کرنے کے قابل بنایا جاسکے۔
- گیس سے جلنے والا واٹر ہیٹر کسی بھی باتھ روم، ٹوائلٹ روم، بیڈروم یا دوسرے زیر قبضہ کمرے میں نہیں رکھا جائے گا جب تک کہ پراپرٹی مینٹیننس کوڈ کی طرف سے اجازت نہ ہو سیکشن PM505.4
- جب تک کہ شہری حکام نجی نظام کو استعمال کرنے کی اجازت نہ دیں، پلمبنگ کا تمام تر سازو سامان شہری نکاسی آب کے نظام سے منسلک ہونا ضروری ہے۔

### ہیٹنگ (گرمائش یا حرارتی) سہولیات

- مالک مکان ہر رہائشی یونٹ کے لیے مرکزی حرارتی نظام یا علیحدہ سے منظور شدہ مستقل حرارتی نظام فراہم کرے۔ حرارتی سامان محفوظ، مناسب طریقے سے نصب شدہ، اور پوری رہائش گاہ کو گرم کرنے کے لیے موزوں ہو۔
- گرم کرنے کے لیے کھانا پکانے کا سامان یا آلات استعمال نہیں کیے جا سکتے۔
- دو یا دو سے زیادہ رہائشی یونٹوں والے مکانات اور عمارتوں میں، مالک مکان کو ہر اپارٹمنٹ کے لیے، یکم اکتوبر سے 30 اپریل تک اور مئی یا ستمبر کے مہینوں کے دوران، جب باہر کا درجہ حرارت 60 ڈگری فارن ہائیٹ سے نیچے گر جاتا ہے تو ہر اپارٹمنٹ کے لیے 68 ڈگری درجہ حرارت پر گرمی کی فراہمی ضروری ہے۔
- اگر رہائشی یونٹ کو علیحدہ مستقل حرارتی سامان فراہم کیا جائے جو مکمل طور پر اس اپارٹمنٹ کے کرایہ دار کے کنٹرول میں ہو تو مکان مالک کو حرارت فراہم کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔
- منظور شدہ پورٹیبل کیروسین ہیٹر کی اجازت صرف ایک اور دو فیملی والی رہائش گاہوں میں ہے بشرطیکہ وہ فائر کوڈ کی تعمیل کرتے ہوں۔ انہیں آتش گیر مواد کے 3 فٹ کے اندر نہیں ہونا چاہئے، ایندھن کے تمام کنٹینرز باہر رکھے ہوئے ہوں، انہیں کبھی بھی بغیر توجہ کے نہیں چھوڑنا چاہئے، سونے سے پہلے بند کر دینا چاہئے، اور ایندھن کی دوبارہ بھرائی صرف باہر ہی کرنی چاہئے۔

### برقی نظام

- رہائشی یونٹوں مین کم از کم تھری وائر 240/120 وولٹ سنگل فیز سروس فراہم کی جانی جانا چاہیے جو 60 ایمپیئر سے کم نہ ہو۔
- ہر سکونت پذیر جگہ پر کم از کم دو الگ الگ نیز ریموٹ برقی آؤٹ لیٹس ہونے چاہئیں۔ غسل خانہ، بیت الخلا، ہال، اسٹوریج، یوٹیلیٹی اور اسی طرح کی جگہیں قابل سکونت جگہوں میں شمار نہیں کی جاتی ہیں۔
- لانڈری ایریا میں ایک گراؤنڈ ریسیپٹیکل یا گراؤنڈ فالٹ سرکٹ انٹرپرٹر ہونا چاہیے اور باتھ روم میں کم از کم ایک رسیپٹیکل ہونا چاہیے۔ نئے باتھ رومز کیلئے گراؤنڈ فالٹ سرکٹ انٹرپرٹر پروٹیکشن کے ساتھ ایک ریسپٹیکل کی ضرورت ہوتی ہے۔
- ہر باتھ روم، ٹوائلٹ روم، کچن، لانڈری روم، فرنس روم، اندرونی سیڑھیاں، اور پبلک ہال میں کم از کم ایک لائٹ فکسچر لازمی ہو۔
- تین یا اس سے زیادہ اپارٹمنٹس والی عمارتوں کے ہر پبلک ہال اور سیڑھیوں کو ہر وقت الیکٹرک فکسچر سے روشن کیا جائے۔
- ملٹی فیملی (تین یا اس سے زیادہ) والی رہائش گاہوں کے لیے ہر گلی کے داخلی دروازے اور ہر طرف یا عقبی صحن میں خودکار بیرونی روشنی کی ضرورت ہے۔
- دو یا زیادہ اخراج (Exit) والی عمارتوں کے دالانوں اور سیڑھیوں میں ہنگامی روشنی کی ضرورت ہے۔

---

### لنکس

سیکشن PM 505.4 - پلمبنگ سسٹمز اور فکسچر

*codelibrary.amlegal.com/codes/philadelphia/latest/philadelphia_pa/0-0-0-271925*

# گھروں، اپارٹمنٹس، اور صحن کو صاف ستھرا نیز جراثیم سے پاک رکھنا

## گھر کو صحت مند اور محفوظ رکھنا

مکان مالکان اور کرایہ دار دونوں گھر میں ماحولیاتی خطرات کو کم کرنے کے لیے اپنا کردار لازماً ادا کریں۔ فلاڈیلفیا ڈپارٹمنٹ آف پبلک ہیلتھ، امریکہ کے ڈپارٹمنٹ آف ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈیولپمنٹ کی طرف سے، کسی گھر کو صحت مند رکھنے کے لیے سات نکات پر عمل درآمد کرنے کی سفارش کرتا ہے:

1. **اسے خشک رکھیں۔** چھتوں کے نظام میں لیکج کا پانی اپنے گھرمیں داخل ہونے سے روکیں، ناقص نکاسی آب کی وجہ سے بارش کے پانی کو گھر میں داخل ہونے سے روکیں، اور کسی بھی طرح کی لیکج کیلئے اپنے اندرونی پلمبنگ کو چیک کریں۔
2. **اسے صاف رکھیں۔** دھول اور آلودگی کے منبع کو کنٹرول کریں، ہموار اور صاف کرنے کے قابل سطحیں بنائیں، بے ترتیبی کو کم کریں، اورگیلے (پونچھا/ ٹاکی) ذریعے صفائی کا مؤثر طریقہ اپنائیں۔
3. **اسے محفوظ رکھیں۔** زہروں کو بچوں کی پہنچ سے دور رکھیں اور ان پر ٹھیک طرح سے لیبل لگائیں۔ قالینوں کو پھسلنے سے محفوظ کریں اور بچوں کے کھیلنے کے مقامات کو سخت یا نوک دار سطحوں سے پاک رکھیں۔ دھوئیں اور کاربن مونو آکسائیڈ کے ڈیٹیکٹر نصب کریں اور آگ بجھانے والے آلات کو ہاتھ کی پہنچ میں رکھیں۔
4. **اسے اچھی طرح ہوادار رکھیں۔** گھر میں آلودگی کے ارتکاز کو کم کرنے کے لیے باتھ رومز اور کچن کو ہوادار بنائیں اور تازہ ہوا کی فراہمی کے لیے پورے گھر کی وینٹیلیشن کا استعمال کریں۔
5. **اسے کیڑوں سے پاک رکھیں۔** تمام کیڑے خوراک، پانی اور پناہ گاہ تلاش کرتے ہیں۔ پورے گھر میں دراڑیں اور سوراخوں کو بند رکھیں؛ کھانا کیڑوں سے بچنے والے کنٹینرز میں ذخیرہ کریں۔ اگر ضرورت ہو تو، بند کنٹینرز میں چپکنے والے ٹریپس(sticky-traps) اور شکار کیلئے چارے (baits) کا استعمال کریں، اس کے ساتھ کم از کم زہریلے کیڑے مار ادویات جیسے بورک ایسڈ پاؤڈر کا استعمال کریں۔
6. **اسے آلودگی سے پاک رکھیں۔** 1978 سے پہلے کے گھروں میں خراب پینٹ کو ٹھیک کرکے سیسے (lead) سے متعلق خطرات کو کم کریں اور گیلی صفائی (پونچھا) کا طریقہ استعمال کرکے فرشوں اور کھڑکیوں کے علاقوں کو صاف ستھرا رکھیں۔ ریڈون گیس کے لیے اپنے گھر کی جانچ کریں، یہ قدرتی طور پر پیدا ہونے والی خطرناک گیس ہے جو مٹی، کرال اسپیس اور بنیادوں میں دراڑ کے ذریعے گھروں میں داخل ہوتی ہے۔ اگر EPA ایکشن لیول سے اوپردرجے کی ریڈون گیس موجودگی کا سراغ ملے تو ریڈون ہٹانے کا نظام انسٹال کریں۔
7. **اس کی اچھی طرح سے دیکھ بھال کریں۔** معمولی طور پر اپنے گھر کا معائنہ، صفائی اور مرمت کریں۔ چھوٹی موٹی مرمت اورمسائل کی دیکھ بھال کریں اس سے پہلے کہ وہ بڑی مرمت اور مسائل بن جائیں۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم HUD کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں ۔

### کوڑا کرکٹ اور کچرا

- ہر احاطے کا اندرونی اور بیرونی حصہ کوڑا کرکٹ یا کوڑے کے ڈھیر سے پاک ہونا چاہیے۔
- مکینوں کو تمام کوڑا کرکٹ اور کچرہ ذخیرہ کرنے والے کنٹینرز یا ٹھکانے لگانے کے آلات میں رکھنا چاہیے۔
- ہر مالک مکان مندرجہ ذیل میں سے ایک فراہم کرے گا:
  - ہر رہائشی یونٹ میں ایک منظور شدہ مکینیکل فوڈ ویسٹ گرائنڈر،
  - مکینوں کے لیے دستیاب اسٹرکچر میں، ایک منظور شدہ جلانے والا یونٹ(incinerator )، یا
  - ایک منظور شدہ لیک پروف، ڈھکا ہوا، بیرونی کوڑے دان۔
- وہ کوڑا کرکٹ، جو دبایا یا جلایا نہیں گیا، اسے لیک پروف، ٹائٹ ڈھکن والے کنٹینرز میں رکھا جائے۔ آتش گیر کچرے کو ڈھکے ہوئے کنٹینرز یا مضبوط تھیلوں میں رکھنا چاہیے جو محفوظ طریقے سے بندھے ہوئے ہوں۔ اخبارات اور رسائل کو 20 گیلن سے زیادہ گنجائش والے بنڈلوں میں باندھنا چاہیے۔
- تمام کنٹینرز کو صاف ستھرا اور حفظان صحت کے اصولوں کے مطابق رکھا جانا چاہیے۔

- ریفریجریٹرز اور اسی طرح کی اپیلائنسز اور آلات کو نکال پھینکے یا احاطے میں ذخیرہ کرنے سے پہلے ان کے دروازے اتارنا ضروری ہے۔

**ری سائیکلنگ**

- فلاڈیلفیا میں ری سائیکلنگ ایک قانون ہے۔ اگر آپ ری سائیکل نہیں کرتے ہیں تو آپ پر جرمانہ عائد کیا جا سکتا ہے۔ رہائشیوں کو اپنا ری سائیکلنگ کنٹینر حاصل کرنے کی ضرورت ہے - جس کا سائز 20 گیلن سے بڑا نہیں ہے۔ ایک سے زیادہ کنٹینرز کا استعمال ٹھیک ہے، جب تک کہ وہ صرف ری سائیکلنگ کے مقاصد کے لیے استعمال ہوں۔ شہر کے رہائشیوں کے لئے ایک مفت ری سائیکلنگ کنٹینر سٹی سینی ٹیشن سینٹرز میں سے کسی سے بھی دستیاب ہوسکتا ہے۔
- سٹی چھ یا اس سے کم رہائشی یونٹ والی رہائشی عمارتوں کی سڑک یا فٹ پاتھ کے قریبی کناروں (curbside) سے ری سائیکلنگ وصول کرے گی۔
- چھ سے زیادہ رہائشی یونٹ والی عمارتوں کے مالکان اپنے ذاتی ذرائع سے ری سائیکلنگ کی خدمات فراہم کرنے کے ذمہ دار ہیں۔ عام طور پر، اس کا مطلب ری سائیکلنگ کی خدمات فراہم کرنے والے کے ساتھ نجی معاہدے طے کرنا ہوتا ہے۔ مشترکہ ملکیت (condo) اورباہمی تعاون (co-op) والی عمارتوں کے مالکان اسٹریٹ ڈپارٹمنٹ کے پروگرام کے ساتھ رجسٹر ہونے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔
- مالک مکان کرایہ داروں کو سٹی کے کوڑے دان اور ری سائیکلنگ کے ضوابط سے مطلع کرنے کے ذمہ دار ہیں۔

**صحن اور باڑ کی دیکھ بھال اور مرمت**

- مالک مکان اور گھر کے مالک کو اس بات کو یقینی بنانا چاہیے کہ ان کے صحن میں نکاسی مناسب طریقے سے ہو۔
- کرایہ دار کو صحن کو صاف ستھرا اور جراثیم سے پاک رکھنا چاہیے۔
- مالک مکان یا گھر کے مالک کو باڑ کی بہترین دیکھ بھال و مرمت برقرار رکھنی چاہئے۔
- 10 انچ سے زیادہ اگی ہوئی جڑی بوٹیوں یا پودوں کی نشوونما سے پراپرٹی کو پاک صاف رکھا جائے گا۔

**کیڑے اور چوہے**

- کرایہ یا لیز پر مکان دینے سے پہلے مالکان اسٹرکچر کے اندر کسی قسم کے نقص یا خرابی کے ذمہ دار ہیں۔
- ایک فیملی والی رہائش گاہ کے مکین کیلئے گھر کو صاف ستھرا اور حفظان صحت کے مطابق یعنی جراثیم سے پاک رکھنا ضروری ہے۔ کیڑوں، چوہوں، اور/یا دیگر کیڑے مکوڑوں کو ختم کرنا مکین کی ذمہ داری ہے۔
- ایک ایسا اسٹرکچرجس میں دو یا دو سے زیادہ رہائش گاہیں یا رومنگ یونٹ ہوں، اسکا مالک عوامی یا مشترکہ علاقوں کوتھوڑ پھوڑ سے محفوظ رکھنے کا ذمہ دار ہے۔ اگرٹڈی دل کا حملہ کسی مکین کے ٹڈی دل کو روکنے میں ناکامی کی وجہ سے ہوتا ہے، تو پھر رہائشی اور مالک مکان دونوں ہی نقصان کے زمہ دار ہوں گے۔
- کھٹمل کیلئے ذمہ داری:
  - مالک کی ذمہ داریاں
    - مالک رہائشی یونٹ لیز پر نہیں دے سکتے جب تک کہ ذیل امور انجام نہ دے دیں:
      - کرایہ دار کو کھٹملوں کے بارے میں ایک معلوماتی نوٹس کی فراہمی۔
      - کھٹملوں کا منصوبہ تیارکرنا، اسے بحال کرنا نیز اس پر عمل درآمد شروع کرنا؛ اور
      - کرایہ دار کو یونٹ میں کھٹملوں کی یلغار سے متعلق ہسٹری کا نوٹس نیز گذشتہ 120 دنوں میں ان کے تدارک کی ہسٹری کی نوٹس کی فراہمی
        - اگر ایسی کوئی ہسٹری نہیں ہے، تو اسے کرایہ دار کویہ بھی تحریری طور پر لکھ کر دینا چاہیے
  - کرایہ دار کی ذمہ داریاں:
    - کسی رہائش گاہ میں داخل ہونے پر، کوئی بھی ذاتی سامان جو کہ کھٹملوں وغیرہ سے متاثر ہو اندر نہیں لا سکتے۔
    - اگر کرایہ دار کو معقول طور پر شبہ ہو، یا کرایہ دار کی رہائش گاہ یا عمارت کے مشترکہ علاقے میں کھٹملوں کے انفیکشن کے بارے میں جانتا ہو، تو 5 کاروباری دنوں کے اندر مالک مکان کو مطلع کرنا چاہیے۔
  - مالک اور کرایہ دار کے درمیان مشترکہ ذمہ داریاں:
    - اگر کرایہ دار لیز شروع ہونے کے 365 دن کے اندر مالک مکان کو، تحریری طور پر یہ اطلاع دینے میں ناکام رہتا

ہے کہ کرایہ دار کو معقول حد تک کھٹمل کے ہونے کا شبہ لاحق ہے، تو ایسی صورت میں کرایہ دار کھٹمل کی یلغار کی تفتیش اور اسکے تدارک کے لیے آنے والی لاگت کو شیئر کرنے کا ذمہ دار ہو گا۔

- مزید معلومات کے لیے فلاڈیلفیا کوڈ کا سیکشن 9-4802 ملاحظہ کریں.

## لنکس

HUD کی ویب سائٹ

*hud.gov/contactus/healthy-homes*

فلاڈیلفیا کے سینی ٹیشن مراکز

*phila.gov/services/trash-recycling-city-upkeep/get-a-recycling-bin*

سیکشن9-4802 – کھٹمل اور پراپرٹی کے کرایے

*codelibrary.amlegal.com/codes/philadelphia/latest/philadelphia_pa/0-0-0-280984*

# عمارت کی تعمیر اور سکونت کے ضابطے کا نفاذ کیسے کیا جاتا ہے

**مرمت**

- مالک مکان یا گھر کا مالک ان تمام مرمتوں کا ذمہ دار ہے جو عمارت کو اچھی حالت میں رکھنے کے لیے ضروری ہیں۔
- تمام بنیادیں، دیواریں، چھتیں، فرش، کھڑکیاں، دروازے، سیڑھیاں، اور پورچ صحیح و سالم، موسم (آندھی یا بارش) کےاعتبار تحفظ یافتہ، اور چوہوں سے محفوظ ہونے چاہیں۔
- تمام داخلی دروازے، الماریاں، شیلف، اور دیگر فراہم کردہ سامان کو بہترین حالت اور اچھی طرح مرمت شدہ رکھنا چاہیے۔
- بیرونی لکڑی یا دھات کی سطحوں کو پینٹ یا حفاظتی کوٹنگ سے ڈھانپنا چاہیے تاکہ خراب ہونے سے محفوظ رکھا جا سکے۔ بیرونی دیواروں کو نوکدار ہونا چاہیے، اور دراڑیں بند کر دی جانی جائیں تاکہ انہیں موسمی اعتبار سے تحفظ شدہ اور واٹر پروف رکھا جا سکے۔
- تمام پلمبنگ اور حرارت پیدا کرنے والے آلات کو مناسب طریقے سے نصب کیا جانا چاہیے، اچھی مکینیکل حالت میں رکھا جانا چاہیے، اور لیکیج اور رکاوٹ سے پاک ہونا چاہیے۔

**آپ کی معلومات کے لیے:**

کرایہ دار اور مالک مکان کے درمیان کسی بھی معاہدے یا لیز سے قطع نظر، قانون تمام تر مرمتوں کا ذمہ دار مالک مکان کوٹھہراتا ہے۔

**لیڈ پینٹ**

- جب محکمہ صحت عامہ یہ فیصلہ کرے کہ لیڈ کی موجودگی صحت کے لیے خطرہ پیدا کررہی ہے تو لیڈ پینٹ کو کسی بھی رہائش، مشترکہ کچن والے گھر (rooming house)، رہائشی یونٹ، یا بغیر کچن کے کمرہ (rooming unit) کی اندرونی سطحوں پر برقرار رکھنے کی اجازت نہیں ہوگی۔
- انوائرمینٹل پروٹیکشن ایجنسی کا تزئین و آرائش، مرمت اور پینٹنگ کا اصول (the RRP Rule)، 23 جون 2008 سے نافذ العمل ہے تاکہ سیسے کی دھول سے بچاو ممکن ہو سکے۔ RRP کا اطلاق اس پراپرٹی میں تزئین و آرائش، مرمت یا پینٹنگ کے کام پر ہوتا ہے جو:
  - 1978 سے پہلے تعمیر کی گی تھی؛
  - جہاں چھ سال سے کم عمر کے بچے وزٹ کریں یا سکونت اختیار کریں؛ اور
  - جس کی دیواروں پر چھ فٹ سے زیادہ کی پینٹ کردہ سطحیں یا لکڑی کا اندرونی کام (Interior) یا 20 مربع فٹ کا بیرونی کام (exterior) متاثر ہو۔
- انسانی جسم میں لیڈ کی کوئی محفوظ سطح نہیں ہے۔ چھ سال سے کم عمر کے بچے سیسہ کے اثرات کا سب سے زیادہ شکار ہوتے ہیں۔ حتی خون میں لیڈ کی کم سطح موجود ہونے پر بھی، سیسے کے پائے جانے کے نتیجے میں رویے اور سیکھنے کے مسائل، آئی۔ کیو میں کمی اور ہائپر ایکٹیویٹی، سست نشوونما، سماعت کے مسائل نیز انیمیا (خون کی کمی) ہو سکتی ہے۔

اگر مالک مکان کرایہ کی جائیدادوں پر RRP کے اصول کے تحت اپنا کام خود کرتا ہے اور/یا اپنے ملازمین کو ایسا کرنے کے لیے استعمال کرتا ہے، تو مالک مکان کو EPA سے تصدیق شدہ RRP فرم ہونا چاہیے اور ایسا کام کرنے کے لیے صرف تربیت یافتہ اور تصدیق شدہ کارکنوں کا استعمال کرنا چاہیے۔ اگر مالک مکان کسی ٹھیکیدار کو کام کرنے کے لیے رکھتا ہے، تو مالک مکان کو تصدیق کرانے کی ضرورت نہیں ہے، لیکن کام کرنے والے ٹھیکیدار کو اس کی ضرورت ہے۔

مزید معلومات کے لیے، براہ کرم EPA کی ویب سائٹ ملاحظہ فرمائیں۔

## لنکس

EPA کی ویب سائٹ

*epa.gov/lead*

# شکایت یا اپیل کیسے دائر کی جائے

## جنرل (عمومی)

سٹی رہائش کے حالات کا جائزہ لینے کے لیے L&I انسپکٹرز بھیج کرعمارتی تعمیر اور کرایہ داری کے ضابطے کا نفاذ کرتا ہے۔ L&I کو مناسب اوقات میں اس طرح کے معائنے کرنے کے لیے قانونا اختیار اور ہدایات دی گئ ہیں۔ انسپکٹرز کو اپنی مناسب شناخت دکھانی چاہیے۔

جب کوئی خلاف ورزی پائی جاتی ہے، تو L&I ذمہ دار فریق کو مطلع کرتا ہے – چاہے وہ مالک مکان ہو، کرایہ دار، یا گھر کا مالک۔ اس شخص کو کہا جاتا ہے کہ وہ ایک مخصوص مدت کے اندر خلاف ورزی کو درست کرے۔ ذمہ دار فریق کو بورڈ آف لائسنسز اینڈ انسپیکشن ریویو میں انتظامی اپیل دائر کر کے خلاف ورزیوں کا مقابلہ کرنے کا موقع بھی فراہم کیا جاتا ہے۔

اگرخلاف ورزی کو درست نہیں کیا گیا تو ذمہ دار فریق کو مقدمہ کے تحت، یا محکمہ کی طرف سے براہ راست جرمانہ بھی کیا جا سکتا ہے۔ اس طرح کے مقدمے کے نتیجے میں عدالتی حکم کے تحت مالی جرمانہ ہو سکتا ہے جو فلاڈیلفیا کے ضابطہ کے تحت تجویز کیا جاتا ہے۔

انتہائی صورتوں میں جیسے کہ خطرناک اسٹرکچر والی عمارتیں، ایسی جائیدادیں جو خالی ہیں اور تجاوزات کے لیے کھلی ہیں، یا وہ کہ جن میں خطرناک مواد کا ذخیرہ ہے، تو اگر خلاف ورزیوں کو درست نہیں کیا جاتا تو L&I کسی بھی خلاف ورزی کو درست کرنے کا مجاز ہے جو غیر محفوظ یا خطرناک سمجھی جاتی ہیں۔ سٹی جائیداد کو بند کرنے کی کاروائی کا حکم بھی جاری کر سکتی ہے، جس سے جائیداد پر مزید سکونت جاری رکھنے کو غیر قانونی قرار دیا جا سکتا ہے۔ سٹی درستگی پر آنے والی لاگت کو، وائیلیٹر سے وصول کرتی ہے اور محکمہ قانون کی منظوری سے جائیداد کی ملی باز کفالت (liens ) کے ذریعے لاگت کی رقم وصول کر سکتی ہے۔

## شکایات

اگر مالک مکان اپنی ذمہ داریاں نہیں نبھا رہا ہے تو کرایہ دار کو مالک مکان کو بتانا چاہیے کہ کیا مسائل درپیش ہیں۔ اگر مالک مکان کارروائی کرنے میں ناکام رہتا ہے، تو کرایہ دار کو 311 پر کال کے ذریعے L&I کو مسائل کی اطلاع دینی چاہیے۔ (فلاڈیلفیا کے اندر) شکایات 311 پر بذریعہ فون کال یا (فلاڈیلفیا سے باہر) 215-686-8686 پر، جبکہ ذاتی طور پر(سٹی ہال، کمرہ 167) میں، یا آن لائن، یا Philly 311 ایپ کے ذریعے درج کرائی جا سکتی ہیں۔

شکایت درج کراتے وقت، شخص کو اپنا نام اور/یا پتہ، پراپرٹی کا پتہ، اور شکایت کی نوعیت بتانی چاہیے تاکہ معائنہ کی درستگی اور کارکردگی کو یقینی بنایا جا سکے۔ ایک کیس تیار کیا جائے گا اور معائنے کیلئے موزوں یونٹ کو بھیجا جائے گا۔

اگر کوئی انسپکٹر جائیداد میں داخل ہونے سے قاصر ہے، تو وہ اپنا کارڈ وہاں چھوڑ دے گا۔ وصول کنندہ کیلئے ضروری ہے کہ معائنے کا بندوبست کرنے کے لیے کارڈ پر موجود نمبر پر کال کرے۔

محکمہ شکایت کنندہ کی شناخت فاش نہیں کرتا ہے۔

## اپیلیں

کوئی بھی شخص جو یہ سمجھتا ہے کہ محکمہ نے کی گئی کسی کارروائی میں غلطی کی ہے وہ موزوں اپیل بورڈ سے اپیل کر سکتا ہے۔ اپیل بورڈز اور فائل کرنے کی ہدایات کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، L&I کی ویب سائٹ ملاحظہ کریں۔

## لنکس

311 آن لائن پورٹل

*iframe.publicstuff.com/#?client_id=242*

L&I ویب سائٹ:

*phila.gov/li*

# ضمیمہ اے ( A): پینے کے پانی میں لیڈ

مندرجہ ذیل معلومات فلاڈیلفیا کے پانی کے محکمے اور محکمہ صحت عامہ کی طرف سے فراہم کی گئی ہیں:

پرانے پلمبنگ فکسچر اور سولڈر، اور سروس پائب میں کہ جو رہائشی پراپرٹی کو عوامی پانی کے مین پائپ سے جوڑتا ہے اس میں سیسہ موجود ہو جو پینے کے پانی میں داخل ہو سکتا ہے۔ شہر گھریلو پلمبنگ میں استعمال ہونے والے لیڈ میٹریل سے متاثر ہونے کے خطرے کم کرنے کیلئے اپنے پینے کے پانی کو ٹھیک (Treat) کرتا ہے۔ مین لائن سےآنے والےتازے پانی کا استعمال آپکی پلمبنگ سے لیڈ کے شامل ہونے کے خطرے کو مزید کم کر دے گا۔ اگر پانی کے نل کو استعمال کیے ہوئے چھ گھنٹے سے زیادہ وقت ہو گیا ہے، تو یہ سفارش کی جاتی ہے کہ آپ پینے یا پکانے کیلئے پانی استعمال کرنے سے پہلے کم از کم تین منٹ تک پانی کو بہنے دیں۔ بہائے جانے والے پانی کی مدت کا انحصار اس بات پر بھی ہو سکتا ہے کہ پانی کا نل، پانی کی مین لائن سے کتنی دوری پر ہے۔ اس کے علاوہ، آپ کو پینے، کھانا پکانے، یا بچے کا فارمولا بنانے کے لیے ہمیشہ ٹھنڈا پانی ہی استعمال کرنا چاہیے۔

مزید معلومات کے لیے، https://www.phila.gov/guides/lead-guide/where-is-lead پر لیڈ گائیڈ کا جائزہ لیں۔

---

## لنکس

لیڈ سے متعلق گائیڈ

*phila.gov/guides/lead-guide/where-is-lead*

# ضمیمہ بی ( B): کرایے کی ذیلی چیک لسٹ

نیچے دی گئی چیک لسٹ کا مقصد ان اضافی دستاویزات یا معلومات کا خاکہ پیش کرنے کے لیے رہنمائی کرنا ہے جس کا کرایہ دار حقدار ہے۔

**پراپرٹی کا پتہ اور یونٹ:** ______________________________

| تفصیلات | او آر کوڈ اور لنک اضافی | فراہم کردہ |
|---|---|---|
| اس *اچھی سکونت کیلئے شراکت دار* کے بروشر کی ایک کاپی | *phila.gov/documents/partners-in-good-housing-brochures/* | ☐ |
| کرایہ داری کے آغاز سے ساٹھ (60) دن پہلے L&I کی طرف سے جاری کردہ کرائے کی مناسبت کا سرٹیفکیٹ<br>سرٹیفکیٹ کی تاریخ:_______ | *phila.gov/services/permits-violations-licenses/get-a-certificate/get-a-certificate-of-rental-suitability/* | ☐ |
| کرائے کا موثر لائسنس<br>لائسنس نمبر :_______ | *phila.gov/services/permits-violations-licenses/get-a-license/business-licenses/rental-and-property/get-a-rental-license/* | ☐ |
| مینیجنگ ایجنٹ جو فلاڈیلفیا میں کام کرتا ہے۔<br>نام :__________<br>فون:__________ | | ☐ |
| *کھٹمل سے تحفظ کے لیے ایک گائیڈ* بروشر کی ایک کاپی | *phila.gov/documents/philadelphia-bed-bug-materials/#philadelphia-bed-bug-informational-notice* | ☐ |
| اس بات کی تصدیق کہ پچھلے 120 دنوں کے اندر اس یونٹ میں کھٹمل کی یلغار *ہوئی ہے/ نہیں ہوئی ہے* | | ☐ |
| اس بات کی تصدیق کہ یہ پراپرٹی *لیڈ فری / لیڈ سے محفوظ* ہونے کیلئے تصدیق شدہ ہے<br>سرٹیفکیٹ کی تاریخ:__________ | | ☐ |
| ووٹر رجسٹریشن کی معلومات | *https://vote.phila.gov/voting/registering-to-vote/how-to-register-2/* | ☐ |

City of Philadelphia
Department of Licenses and Inspections (L&I)
Quality of Life (QOL)
2401 Walnut Street, Ste 502
Philadelphia, PA 19103